اپنے حقوق جانیں

جانے سے پہلے

اپنا ووٹر رجسٹریشن چیک کریں اور یہ پکا کر لیں کہ آپ کو ووٹ کہاں اور کس وقت ڈالنا ہے۔ یہ معلومات آپ اپنی ریاست یا مقامی الیکشن آفس سے حاصل کر سکتے ہیں۔ apiavote.org/states **-پر جائیں، اپنے کاؤنٹی الیکشن آفس سے رابطہ کریں، یا 1-888** پر کال کریں۔ مڈٹرم الیکشن سے پہلے اور بعد میں **API-VOTE (1-888-274-8683)** اپنی رجسٹریشن دوبارہ چیک کریں تاکہ آپ کی معلومات درست اور اپ ڈیٹ رہیں۔

1-888-API-VOTE (1-888-274-8683)

apiavote.org/states

اپنے ساتھ چارج کیا ہوا فون، پانی اور کچھ کھانے کے لیے لے جائیں۔

معلوم کر لیں کہ ووٹ ڈالنے کے لیے آپ کو کون سی ساتھ لے جانے کی ضرورت ہے، کیونکہ ہر **(ID)** شناخت ریاست کے قوانین مختلف ہو سکتے ہیں۔

کوشش کریں کہ کسی دوست، گھر والے یا پڑوسی کے ساتھ ووٹ ڈالنے جائیں۔

اگر آپ الیکشن کے دن سے پہلے ووٹ ڈال رہے ہیں، تو پہلے ہی معلوم کر لیں کہ آپ کے علاقے میں ووٹنگ کب اور کہاں ہوگی، اور آخری تاریخ کیا ہے۔

پولنگ کی جگہ پر

- اگر آپ کو کوئی معذوری ہے، یا انگریزی سمجھنے یا بیلٹ بھرنے میں مدد چاہیے، تو آپ کسی شخص کو اپنی مدد کے لیے ساتھ لا سکتے ہیں۔
- اگر آپ کو اپنی زبان میں مدد چاہیے، تو پوچھیں کہ کیا ترجمہ شدہ بیلٹ یا معلومات موجود ہیں، یا کوئی ایسا پول ورکر موجود ہے جو آپ کی زبان بولتا ہو۔
- پولنگ کی جگہ معذوری رکھنے والے افراد کے لیے قابلِ رسائی ہونی چاہیے، اور ضرورت کے مطابق مناسب سہولت اور مدد فراہم کی جانی چاہیے۔

اگر آپ کی ووٹر رجسٹریشن یا ووٹ ڈالنے کی اہلیت کے بارے میں کوئی مسئلہ ہو، تو (Provisional Ballot) عارضی بیلٹ کے بارے میں پوچھیں۔ یہ بھی پوچھیں کہ اسے کیسے استعمال کرنا ہے، آپ کو کیا معلومات یا کاغذات دینے ہوں گے، اور بعد میں کیسے معلوم کریں کہ آپ کا ووٹ شمار ہوا یا نہیں۔

اگر پولنگ کا وقت ختم ہونے پر آپ پہلے سے لائن میں کھڑے ہیں، تو لائن نہ چھوڑیں۔ آپ کو ووٹ ڈالنے کا حق ہے۔

اگر آپ کا کوئی سوال ہو یا ووٹ ڈالتے وقت کوئی غلطی ہو جائے، تو وہاں موجود پول ورکر سے مدد مانگیں۔ ضرورت ہو تو آپ نیا بیلٹ بھی مانگ سکتے ہیں۔

اپنے حقوق جانیں

محفوظ رہیں

⚠ اپنے آس پاس کے حالات پر نظر رکھیں اور اپنی ذاتی معلومات دوسروں کے ساتھ شیئر نہ کریں۔

⚠ پول ورکرز اور الیکشن کے عملے کی ہدایات پر عمل کریں۔

⚠ اگر آپ کا سامنا پولیس یا وفاقی اہلکاروں سے ہو، تو پُرسکون رہیں، مناسب فاصلہ رکھیں اور ان کے کام میں مداخلت نہ کریں۔ اگر وہ آپ کو روکیں، تو آپ سکون سے پوچھ سکتے ہیں کہ کیا آپ ،وہاں سے جا سکتے ہیں۔ اگر آپ کو حراست میں لیا جائے یا آپ سے تلاشی کی اجازت مانگی جائے تو آپ کہہ سکتے ہیں کہ آپ تلاشی کی اجازت نہیں دیتے اور کسی وکیل سے بات کرنا چاہتے ہیں۔

⚠ وفاقی قانون کے تحت کسی ووٹر کو ڈرانا، دھمکانا یا دباؤ ڈالنا منع ہے۔ اگر کوئی شخص یا صورتحال آپ کو ووٹ ڈالنے سے روک رہی ہو یا مشکل پیدا کر رہی ہو، تو فوراً کسی پول ورکر یا الیکشن کے عملے کو بتائیں۔

⚠ اگر ایسا کرنا محفوظ ہو، تو جو کچھ ہوا اس کی تفصیل، تصویر یا ویڈیو محفوظ کر لیں۔ اگر کسی کی جسمانی حفاظت کو خطرہ ہو، تو فوراً اطلاع دیں۔

ووٹر ہاٹ لائن

ووٹنگ کے متعلق یا ووٹر امداد کے لئے ہمیں کال کیجئیے

مدد انگریزی، مینڈرن، کینٹونیز، کورین، ویتنامی، بنگالی، اردو، ہندی اور ٹیگالوگ میں دستیاب ہے۔یاد رکھیں، آپ کو انتخابات میں اپنے ساتھ ترجمان لانے کا حق ہے، (جب تک کہ آپ کے آجر یا یونین نمائندہ نہ ہوں)

1-888-API-VOTE

1-888-274-8683